اور اسیر ہی اگر تقدیر اولٹی ہو تو ہو

کچھ خیال وصل ہی ای دل نہین ہے تا وصال
ہان مگر اس خواب کی تعبیر اولٹی ہو تو ہو

ہم گنہگارون کا لکھا ہو سکے تبدیل کیا
نامۂ اعمال کی تحریر اولٹی ہو تو ہو

مر ہی جاؤن تو نہو اونکو مرا مردہ عزیز
بلکہ میری لاش کی تشہیر اولٹی ہو تو ہو

ہمنے جو نالہ کیا تدبیر اپنی ہو درست
عقل تیری آسمان پیر اولٹی ہو تو ہو

اوس ستمگر سے دل نافہم امید کرم
بیگناہی پر تجھی تعذیر اولٹی ہو تو ہو

۲۳۴ سیدھی سیدھی ہتو ہاتین ونکو لگھے بیجا داغ
۱۳ وان اولٹ بیچون کی گر تقریر اولٹی ہو تو ہو

ای فلک چاہی جی بھر کی نظارا ہمکو
جا کی آنا نہین دنیا مین دوبارا ہمکو

کبھی ایمانہ کنایا نہ اشارا ہمکو
کم نگاہی نے تری جان ہی مارا ہمکو

ہم کسی زلف پریشان کی طرح ای تقدیر
خوب بگڑی تھی مگر خوب سنوارا ہمکو

جب کھنچے اونسی ہوئی اور زیادہ مضطر
مرض عشق کے پرہیز نے مارا ہمکو

شکر صد شکر کہ اب قبر مین ہم جا پہنچے
تو سن عمر نے منزل پر اوتارا ہمکو

روز تکرار کرے کون خریدارون سے
دل کی اس گرمی بازار نے مارا ہمکو

چل تو ای دل رہ الفت مین کہین راہنما
مل ہی جیگا کوئی اللہ کا پیارا ہمکو

ابتو ہم تذکرۂ غیر پہ آفت ٹہرے
پھر قیامت مین جو چھیڑوگی دوبارا ہمکو

باتین اوس آنکھ رو کی بھی ہین گویا کہ طلسم
آج تو خوب ہی غیشے مین اوتارا ہمکو

آپ ہی سب یہ بنیگا کوئی سودا اپنا
پھیر دیجیے دل بیتاب ہمارا ہمکو

ہم سے پیرو ہین سو امرد کمسن ہم سے
پر جو دیکھی تو کسی آنکھ کا تارا ہمکو

بدسلوکی مین مزا کیا ہی مزا ہی آہمین | کہ ہمارا ہو تمہین پاس تمہارا اہکو

مجتمع بزم مین ہوئی کشتے طالع نے بہم | منہیں ملتا کہین اسی داغ کنارا اہکو

وہ طریق مہر و وفا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

تمہین روز یاد دلاؤنگا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کیا پہلے خط مین بہت رنج کہا پہر زبان ہی اپنا تم

اگر اب بہی مرا ما جرا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

ہمین کسکی شرم و لحاظ کیا یہ خدا کے واسطے کیا کہا

تمہین آنہ سے ہاتہی سیا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ کسیکا شکوہ کوئی مجل وہ کسیکا داغ کسیکا دل

وہ کسیکا کوئی تہا آشنا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

مجہے ڈر ہے یہ نہون محبتین کہ پڑی ہین حشر کی مدتین

دم بازپرس مری خطا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

بجہتے ہے ذہن یہ نہ زبان پر اب مری چار حرف وصال جب

تو پہر آگے کہنے کا لطف کیا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

یہی قول کرکے جو پہر گئے تم ہوئی اس سے تو مری عقل گم

کہ خدا کا نام بہی نہ لقا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

یہ گمان کہ تم ہو ہزار مین تمہین شرم آتی ہی چار مین

یہ تو وہی دن کا تہا ما جرا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

۳۶ گر کوئی شعر اوسکا بُرا بھلا مہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

عرصۂ حشر مین اللہ کرے گم مجکو
اور پھر ڈھونڈھتے گھبرائے ہوئے تم مجکو

دیکھے مستی مین جو سرگرم تکلم مجکو
کبھی واعظ بھی کہ للہ کوئی خم مجکو

غیرت ماہ کہے خسرو انجم مجکو
نام کو داغ ہون کیا جانتے ہو تم مجکو

ساقیا اسمین کھنچے کیا کسی مجذوب کی روح
کوئی کھینچے لیے جاتا ہے سو خم مجکو

جسپہ آنکھون مین سمائی ہین وہ کافر نظرین
رات دن اپنی نظر سے ہے تو ہم مجکو

یا سنادی مری مطلب کی کوئی ای ناصح
یا یہ کہدے کہ نہین تاب تکلم مجکو

ساقیا نشہ مین کیا تری آنکھین کم ہین
کہ ملے جام مجھے شیشہ مجھے خم مجکو

بھگائی گرد رہ میکدہ مجھپر واعظ
خاک سے پاک کرے بحر نہ قلزم مجکو

سہم جاتی ہے خوشی ڈرتی ہے فرحت مجھسے
کبھی آتا ہو تو دزدیدہ تبسم مجکو

جب گئی کہکے گئی میری دعا سے تاثیر
کم کرے تجکو خدا تو نے کیا گم مجکو

مینے اس حال پہ بھی دلکو بہت سمجھایا
ضعف سے گرچہ نہ تھی تاب تکلم مجکو

تم کہان غیر کہان جھوٹ ملط محض دروغ
خفقان ہے یہ جنون ہے یہ تو ہم مجکو

ضعف نے نام کو تھورا سا نشان کہا تھا
تو نے ای بیخودی شوق کیا کم مجکو

ضبط وہ شے ہے کہ ای حضرت موسیٰ نہ کہو
آپ دیتے ہین وہ تکلیف تکلم مجکو

لطف توبہ کا مزہ توبہ کا یہ ہے زاہد
صدقے ساقی نے پلا کے ہین کئی خم مجکو

کیون حیران و پریشان ہون سننے والے
مین بھلا تمکو کہون اور برا تم مجکو

مین بھی حیران ہون ای داغ کہ یہ ہے کیا بات

۳۵ ۱۵

وعدہ وہ کرتے ہین آتا ہے تبسم مجکو

کیا دبوچیگا تری شوق کا قازم مجکو
موج ساحل ہی صفینہ ہی تلاطم مجکو

اپنے رونی پہ کچھ آیا ہے تبسم مجکو
یاد نی اوسکی کہا بھول گئے تم مجکو

دیکھہ ای وادی ایمن مجھی وہ خاک ہونمین
کہ فرشتون نی لیا بہر تیمم مجکو

رشک نے جلوہ دیدار سی رکھا محروم
کہ رہی مد نظر دیدہ مردم مجکو

دیکھنا چھیڑ سر حشر مری پاس آکر
کہتے ہین کون ہو نمین جانتی ہو تم مجکو

ہنستے ہنستے کبھی روتا ہون تصور مین ترے
روتے روتے کبھی آتا ہے تبسم مجکو

آتش تری یہ میخانہ ہے آتشخانہ
یان وضو چاہی زاہد کہ تیمم مجکو

معجز حضرت عیسی کا غلط ہی تو نہین
درد اوٹھتا ہی وہ کہتی ہین اگر تم مجکو

دل ہی سرمایہ صد راحت و آرام و نشاط
کہو کی پایا تہا اوسے پاکے کیا گم مجکو

اس تمنا سی مری روح ہی آزار نہو
کہ مجھی ہو یہ گمان پاتے ہو تم مجکو

غم و شادی کی لیی شرط ہی الفت تیری
نالہ بلبل مجھے دے غنچہ تبسم مجکو

کیون گنہ لیتے ہین تھوڑی سی پلا نیوالے
کل ملے کوثر اوسے آج جو دی خم مجکو

دیکھنا پیر مغان حضرت زاہد تو نہین
کوئی بیٹھا نظر آتا ہی بس خم مجکو

کیا کری دیجیی کوثر پہ مری تشنہ لبی
سو کہہ جاتا ہی یہان دیکھکے قازم مجکو

۳۶ ۱۶

مسکرائی مری میت پہ وہ منہ پھیر کے داغ
حشر تک یاد رہیگا یہ تبسم مجکو

الٹی ہی گلون ہی کیا تہی ابھی کیا ہو
شوخی ہو تو شوخی ہو حیا ہو تو حیا ہو

محشر مین وہی بت کا طرفدار خدا ہو
جنت ہی بدل جای جہنم تو مزا ہو

بسمل کے تڑپنی کا تماشا تو ذرا ہو
تھم تھم کی جہری پیاری تو دیکھو

گھبرا نی گئی ہین وہ مٹاتی ہوئی کسکو
یہ تو نہو وہ غیر کا نقش پا تو دیکھو

برباد کرونگا اوسی کو پی مین وفا مین
کیون کہتی ہو آگے مری ای بادسبا کہو

فریاد جگر لعنہ نے نالہ بلبل
دلکش ہو کسی طرح کی ہو کوئی صدا ہو

کیون وصل کی حسرت مری بسنی نہین مٹتی
یہ کاش الٰہی اوسی بدخو کی ادا ہو

نیرنگی خون شہدا دیکھہ تو قاتل
پانی ہو بہائے سی لگائی سی حنا ہو

می عید کی اقرار پہ لی ہی رمضان مین
یہ قرض ادا ہو تو بڑا فرض ادا ہو

دعوی مجھی دل پہ ہی زبان پر ہی تمہین ناز
یہ شرط نہہ جائی کہ جھوٹی کو سزا ہو

تعریف نی کوثر کی مجھے خوب پلائی
کیا بات ہی واعظ تری عقبی کا بھلا ہو

بیوجہ چھپایا نہین قاصد نی خط اونکا
ایسا نہو کمبخت کی مٹی مین قضا ہو

کیا توبہ کرون عشق سی ای حضرت ناصح
ڈرتا ہون کہ یہ بھی نہ شب غم کی دعا ہو

اس دل سی مجھی لاگ ہی ہمہر تو مین ہون
تم شان وفا کان وفا جان وفا ہو

واعظ نکری طعن مری جرم وخطا پر
اسکا ہی اگر بخشنے والے کو مزا ہو

کیونکر نہ بہرون کعبی سی بتخانی کو زاہد
پہر جائی مری سات اگر قبلہ نما ہو

۲۳۹ کیون داغ کا نام آتی ہی نفرت ہوئی تمکو
اک شخص ہی وہ تم اوسی سمجھی ہوئی کیا ہو ۱۷

جہ سوچ سمجھکر دل مضطر پہ جفا ہو
ایسا نہو اسمین کوئی تیری ہی ادا ہو

مینے جو کہا سیر ہو کل روز جزا ہو
فرماتی ہین واں بھی ہمین سچی ہو تو کیا ہو

کیون صبح شب وصل خدا کو بھی سونپا
دشمن ہی کو دیکھی جو مری حق کی دعا ہو

کیا یاد ہوگا تم کو تمہارے تئین کہ کیا حال
جیسے کہ سبق پڑھ کے کوئی بھول گیا ہو

اپنے روبرو اک نفس سرد سے اپنے
اسکو نہ جلائے تو جہنم کو سزا ہو

دیکھا دل ہمنے بنا پاہے ہدف تیر لگاے
اب جسقدر اندازکے چتکی مین قضا ہو

وہ ہی نہ اوگین خار مزہ قبر پہ میرے
یہ حسرت دیدار نہ انگشت نما ہو

قاصد یہ سمجھنا کہ یہی شہر ہے اوسکا
مشہور جہان نام تغافل کا حیا ہو

رنجش مری بڑھکر ہے تمہاری خفگی سے
مین جانسے بیزار ہون تم مجھسے خفا ہو

جی چاہتا ہے غیر کو دون اپنا مقدر
کیا اسمین برائی ہے کسیکا جو بھلا ہو

مین اور کرون دعوی خون مجھسے نہو گا
تم چھوڑ بھی دو ہاتھ کوئی سوچ تو کیا ہو

مطرب سے کہو اونکو سناے وہ سنینگے
جس ساز مین اک ٹوٹی ہوے دلکی صدا ہو

چاہت کا مزہ بعد ہمارے نہ ملے گا
ہر شخص سے تم آپ کہوگے ہمین چاہو

ہوتی ہے وہان روز جفاؤنکی ترقی
ای ذوق فزون ہو ابھی آشوق سوا ہو

دیوانے لگاتے ہین عجب رنگ کی مہندی
جب آ بلو مین خون چھلک آئے حنا ہو

بدلون نہ کبھی اور حسینون کی وفا سے
وہ کینہ ہی اچھا جو تمہی دل مین رہا ہو

۲۴۰ دس بت سے بچا رکھی نہ بن آئیگی تمہین داغ
۱۳ کیا پیش چلی جسکا طرف دار خدا ہو

کیا خود وعدہ عیاری تو دیکھو
دل آنارون کی دلداری تو دیکھو

مری دل کی وفاداری تو دیکھو
پھر اوسپر اپنی عیاری تو دیکھو

کیا جب وعدہ آئے کا نہ آئے
اس آسانی کی دشواری تو دیکھو

[illegible] کو
[illegible] گنہگاری تو دیکھو

وہ کہتے ہین مرے غم مین نہ مرنا — یہ مجبوری یہ ناچاری تو دیکھو
بنا لین شرم آلودہ نگاہین — تغافل مین یہ ہشیاری تو دیکھو
مٹا نقش وفا اوس بت کے دل سے — تمہاری گریہ وزاری تو دیکھو
نہ عاشق کا نہ یہ معشوق کا دوست — فلک کی تم ستمگاری تو دیکھو
پھنسایا اوس بت بیگانہ وش کو — محبت کی گرفتاری تو دیکھو
خدا سے بخشوانے کو ہین موجود — رقیبون کی طرفداری تو دیکھو
خدا نے دی ہین آنکھین دیکھنے کو — تم اپنی مردم آزاری تو دیکھو
نہ آئی قبر مین بھی نیند مجکو — مری قسمت کی بیداری تو دیکھو

## غزل کیا خاک لکھین حضرت داغ ۲۴۶ ۱۵

ہجوم کار سرکار ے تو دیکھو

چلتے نہین ہین ساتھ مری ہمسفر کے پانو — ہر گام پر دبائے پڑی راہبر کے پانو
آنکھون کے بل چلونگا تری راہ شوق مین — موی مژہ بنینگے مری چشم تر کے پانو
کیا مضطرب ہے شب فرقت مری عزیز — پھرتی ہی پھرتی ٹوٹ گئی سارے گھر کے پانو
آتی ہی کوی یار سے مستانہ کسقدر — کیا لڑکھڑائے جاتے ہین باد سحر کے پانو
وقت خرام ناز تعجب نہین اگر — فتنے بھی اٹھ کے چومہ لین اوس فتنہ گر کے پانو
ہی کچھ جواب سست مقرر کہ جواد ہر — اوٹھتے ہین دیر دیر مری نامہ بر کے پانو
چلکر وہ میری ساتھ بتائین جو راہ دوست — آب بقا سے دھوئے پیون اوس خضر کے پانو
صیاد ہم قفس سے چھٹے بھی تو کیا چھٹے — کس کام کے ہین طائر بی بال و پر کے پانو
لاکھون مین مجکو تار گیا وہ نگاہ یاس — رکھا جو میرے محفل اعدا مین سر کے پانو

آنا وہ دوڑ کر شب غم اسی دعا کے وصل
اللہ نی بنائی نہین ہین اثر کے پانو

تہک تہک کے بیٹھ جای نکیون تیری راہ مین
لوہی کی تو نہین ہین آہی بشر کے پانو

وہ آئی کسطرح یہ گیا کس طریق سی
ہین میری دلکی پانو نہ تیری نظر کے پانو

سینے سی اپنے سات اوڑا کر یہ لیگئے
گویا تمہاری تیر تہی میرے جگر کے پانو

یوسنجی ہی ایک آن مین باب قبول تک
پہیلائی کیا دعا نی مری ہاتہ بہر کے پانو

۲۴۲ ۱۴

اسی داغ آدمی کی رسائی تو دیکہنا
سر پر دہری ہین عرش نی خیر البشر کی پانو

جو دل غالب مین ہو تو کوئی رسوای جہان کیون ہو
خلش کیون ہو طپش کیون ہو قلق کیون ہو فغان کیون ہو

مزا آتا نہین تم تم سے ہمکو رنج و راحت کا
خوشی ہو غم ہو جو کچہ ہو آہی ناگہان کیون ہو

یہ مصرع لکہدیا ظالم نے میرے لوح تربت پر
جو ہو فرقت کی بیتابی تو یون خواب گران کیون ہو

ہمیشہ آدمی کا آدمے غمخوار ہوتا ہے
یہی نے اعتباری ہو تو کوئے رازدان کیون ہو

غضب آیا ستم ہوتا قیامت ہو گئے برپا
یہ ہوجاتا کہ تم آزردہ مجھسے میری جان کیون ہو

بہت نکلینگے روز حشر تیرے جور کے خواہان
ستم کا حوصلہ دنیا مین صرف امتحان کیون ہو

او نہین گو رنجش بیجا ہی لیکن ہے تو ہمسے ہے
محبت گر نہو باہم شکایت درمیان کیون ہو

گئے تھے اسکے مجلس اور پھر کہتے گئے یہ بھی
نصیب دشمنان تو یا مآل آسمان کیون ہو

نئی تاکید ہی ضبط محبت کے وہ کہتے ہین
جگر ہو تو فغان کیون ہو دہن ہو تو زبان کیون ہو

شریک دور مے بزم عدو مین خاک ہو تم ہم
کسینے رات بھر اتنا نہ پوچھا تم یہان کیون ہو

تحمل کر سکے کیا حسن نازک اون نگاہون کا +
اوسے سینے چھپایا ہے وگرنہ وہ نہان کیون ہو

خدا شاہد خدا شاہد ہی کیون کہتے ہو وعدون پر
خدا کو کیا غرض میرے تمہارے درمیان کیون ہو

جگر سے کم نہین ہی چارہ گر داغ جگر مجکو +
جو پیدا کی ہو مرکر وہ دولت رایگان کیون ہو

نوید جانفزا ہی کیا خبر قاتل کے آنیکی
بتاؤ تو سہی تم داغ ایسی شادمان کیون ہو

## ردیف ہائی ہوز

لڑ گئی یار گلعذار سی آنکہ
اب نہین جھپتی ہزار سی آنکہ

کچھ وہ حیرت ہی کچھ وہ حسرت ہی — خوب بنتی ہی انتظار سے آنکھہ
دید کا بھی ہی کیا برا لپکا — نہین رہتی ذرا قرار سے آنکھہ
اونکو دیکھا ہے جو یکدر آج — بھر گئی سرمہ غبار سے آنکھہ
تو وہ ناوک نظر کیجیے — کیون چرائی مری مزار سے آنکھہ
دو بدو یون ہی میکشی کا مزہ — جام سے لب ہے تو یار سے آنکھہ
اشک خونین سے گل کھلائے ہین — آج آئی ہی کس بہار سے آنکھہ
کیا بچے ناوک نظر سے دل — چوکتے ہی نہین شکار سے آنکھہ
بولے وہ شکوہ تغافل پر — ملی کس امیدوار سے آنکھہ
یار سے آنکھہ کیا ملاؤن مین — نہین ملتی ہی رازدار سے آنکھہ

نشہ تیرا اوتر کیا ای داغ
کھل گئی غفلت خمار سے آنکھہ

۲۴۴ ۲۱

یون شب عدہ ہی طالب بیدار کی آنکھہ — جسطرح سوی چمن مرغ گرفتار کی آنکھہ
کبھی لگتی ہی نہین نرگس بیمار کی آنکھہ — نرگس کبھی ہی چمن مین کبھی ہشیار کی آنکھہ
ہم نے کہا لائین تجھے نرگس بیمار کی آنکھہ — ... ڈالیگی مگر بلبل گلزار کی آنکھہ
... یہ پھیر ... یار کی آنکھہ — ... گر پھر گئی اغیار کی آنکھہ
نیند آئی ہی سر شام شب وصل او نہین — کیا ... طالع بیدار کی آنکھہ
شوق نظارہ گلشن ہی تو لیچل صیاد — ... مرغ گرفتار کی آنکھہ
قصد بسمل کی تماشی کا ہوا شوق ایسا — ... جوہر تری تلوار کی آنکھہ
زلف تڑپتی ہی تری ابرو پھڑکتا جو آ — ... تری شوخی رفتار کی آنکھہ

طور بیطور ہوئی دلکی خدا خیر کرے
بیطرح گھات مین ہے اوس بت عیار کی آنکھ

وہ تھی موسی ہی جنہین تاب نظارہ نہو
بان تجھپکیگی تری طالب دیدار کی آنکھ

ای دل صاف صفائی کی تو یہ معنی ہین
کبھی میلی نہو اوس آئنہ رخسار کے آنکھ

اشک خون دیکھکے آنکھین سے نکال ای ظالم
دکھنی آئی ہی تری طالب دیدار کی آنکھ

کیون نہ پر خون ہو ازل سی کہ بلا ہی مجکو
شیشہ بادہ کا دل ساغر سرشار کی آنکھ

جلوہ یارتی دو رنگ کہائے اپنے
ایک ظاہر مین تو ہی کافر و دیندار کی آنکھ

اللہ اللہ کشش حسن کہ ہمراہ نگاہ
کھچی جاتی ہی تری طالب دیدار کی آنکھ

ہوتی جاتی ہی سوا بوسہ لب کے قیمت
دیکھتے جاتی ہین وہ اپنی خریدار کی آنکھ

آگ عشق دل فرہاد کی بجھنی کی نہین
بنی دریا بھی اگر چشمہ کہسار کی آنکھ

گفتگو سی جو تھمی بات اشارون سی بڑہی
جب تھکی ہاتھ کی زبان اڑنکی بیمار کی آنکھ

ای صبا اوسکی گلی مین نہ اوڑا خاک سی
کہین میلی نہو اوس سرو زن دیوار کی آنکھ

دل چرایا ہی وہ اب آنکھ ملائین کیونکر
سامنی ہوتی ہی مشکل سی گنہگار کی آنکھ

۱۳۵

پیلی پڑتی ہی نکہت سی تری الفت ای داغ
کوئی چھپتی ہی محبت کی نظر یار کی آنکھ

۱۳۶

بان تو بنا ہی جاتی ہین عشق بتانکی ساتھ
زاہد نہیں لینیکے وہان کی دہانکی ساتھ

پھونکا نہ دام کو نہ جلایا قفس مرا
بجلی کی تھی یہان تو نہین فقط آشیانکی ساتھ

میری خبر تو لی کبھی منہ نہ اوس طرف
مجکو کدورتین ہین جو رہین آسمان کی ساتھ

جاتی خوب ناز و نزاکت کی تجکو چال
تم وہ قدم چلو اگر اس ناتوان کی ساتھ

انکو وہ ہین نگہ سی ہمین اپنی اگر بیان
سو مچھیان ہین بد و نزدل بدگمان کی ساتھ

وا ماندگی نے ایک جا بٹھا دیا
پھرتی تری تلاش میں کیا کیا وہ ساتھ

اے عشق باز آئی تو قسمت ہی پھیر دی ہم
تو بھی کہیں روانہ ہو تیری روانگی ساتھ

سب کو ہی تیری یاد کی لذت ہے جدا جدا
دل کی ہی دل کی ساتھ زبان کی زبان کی ساتھ

زاہد کو ایک قطرہ نہ دینا ہے پر مجھے
یاں خم کی خم ہے اور ادھر ہیں پیر مغاں کی ساتھ

مشتی ہیں آشیانہ خرابی کے سیر چرخ
کیا میری بیکسی بھی ہی تھی نشانی ساتھ

ہم ایک کوکے سنتے ہیں دو چار گالیاں
اک چھیڑ ہو گئی ہی تری پاسبانی ساتھ

اقرار حشر اسی دل مضطر نے بات میں
تھوڑا یقین بھی ہی ہیں ہم گمانی ساتھ

اللہ کرے کہ بند ہو داغ کی زبان
تعریف آپکی ہی اوسی خوش بیانی ساتھ

(۲۴۶) (۹)

دن گذارا ہے دل مجبور صدمات کے ساتھ
وہ مزے رات کی نادان لئی رانکی ساتھ

حفظ تسلیم ادب خلق تواضع تعظیم
کتنی تکلیف ہی اے شوق ملاقات کی ساتھ

بیقراری تو ٹھہرتی ہی ٹھہرتی جاتے
آگیا صبر مگر مرگ مفاجات کی ساتھ

چار دن بیٹھی جہاں پھر وہی رنگ اور ترنگ
کچھ عجب لطف ہی زندان خرابات کی ساتھ

لب تری ذکر سی پر مجھی یاد آتی ہیں
چشمۂ خضر کا مذکور ہی ظلمات کی ساتھ

رہنما بادیہ گردی کو ہوئی میرے دری
پاؤں چلتی ہیں شماری پہ پری ہاتکی ساتھ

جلوہ دیکھی جو بت غنچہ دہن کا صوفی
روح کیا سلب نہو جائی کرامات کی ساتھ

اپنی مذہب میں ہی پیر نکی عبادت ہی فرض
گذری جو کوئی گھڑی رند خوش اوقاتی ساتھ

دست تو اب گہر بار فلک دعا مانگ
داغ برسات ہی آئی ہی مناجات کی ساتھ

(۲۴۷) (۱۰)

یارب ہمین وہی عشق صنم اور زیادہ
کچھ تجھسے نہین مانگتی ہم اور زیادہ

دل لیکے یہ کہتے ہین کہ مانگ صنم اور زیادہ
مقدور نہین میری قسم اور زیادہ

ہستی ہوئی فکر عدم اور زیادہ
غم اور زیادہ ہی الم اور زیادہ

بہرتا نہین جب زخم کسی شکل سی قاتل
بہرتا ہون تری تیغ کا دم اور زیادہ

تھی بخت زلیخا مین خریداری یوسف
اورون نی لگائے نہ درم اور زیادہ

تلوار جو ہو جائی کمان خوب نہین ہی
ابرو مین ہین تان کے خم اور زیادہ

انسان کی خواہش کو بڑہاتی ہی سخاوت
کرتے ہین ستم اہل کرم اور زیادہ

یارب ہین مری سایہ بہت حسرت و ارمان
ہو وسعت صحرای عدم اور زیادہ

زندان سی بیابان مین تواضع ہوئی بیکس
کانٹون نی لیی میری قدم اور زیادہ

ہی دلمین کسی عالم تصویر کی تصویر
بس چہیڑ نکر ناخن خم اور زیادہ

دشمن کی طرف سی وہ ادہر بھولکی آئین
تاریک ہو تو ای شب غم اور زیادہ

القاب ہی پر ختم ہوا نامہ کرون کیا
چلتا نہین مطلب پہ قلم اور زیادہ

گر بیٹہی کرتی نسی طواف اوسکی گلی کا
جھگڑا ہی بس ای اہل حرم اور زیادہ

پونچہا ہون ادہر عرش سی ای ہمت عالی
اچہا ہی پڑی ٹہوکر پی قدم اور زیادہ

لی ای ہوا بیمار تمنای شفا کر
درمان ی ہوا درد و الم اور زیادہ

مبتاب نہ تابش کو ٹہہری تہی لب بام
بیتاب تہی موج لب یم اور زیادہ

دل پیچ مین تقدیر کی پابند ہیرو ہیر
طرہ ہی تری زلف کا خم اور زیادہ

رہبر نی ترا کوچہ دکہا کر مجہے چہوڑا
آگی نہ بڑہا چار قدم اور زیادہ

چہوٹا ہون اب گور مین ای غم ہی لحد مین
اب چہوٹ گیا تم مجہہ مین ہین غم اور زیادہ

بگڑی تھی ہوا آہ کی آخر شب وعدہ
نکلا مری نالونکا بہرم اور زیادہ

کیا صلح کرین دلکی تری تیر نظر سے
چھنتی ہی صفائی مین بہم اور زیادہ

دل بوسی پہ ٹھہرا تھا جگر پہین لیا کیون
کیا مفت مین لی ایک رقم اور زیادہ

پانی ہی امان کسنی تری تیغ نظر سے
قربان ہوے صید حرم اور زیادہ

وہ حال ہی میرا کہ عدو لیتے ہین ہمدلی
کرتا نہ خبردار ستم اور زیادہ

خط اونکا بہت خوب عبارت بہت اچھی
اللہ کرے حسن رقم اور زیادہ

قاصد پہ گراعتبار کا لکھا ہی جہان حال
یا تا ہون وہان زور قلم اور زیادہ

صد شکر کہ نواب کی الطاف سے اے داغ
چند اہل سخن جمع ہین کم اور زیادہ

تمہین ہوتی بندی ہی طاعت زیادہ
بس اب خانہ آباد دولت زیادہ

محبت مین سو لطف دیکھی ہین لیکن
مزا دیکھئی ہے شکایت زیادہ

مریض محبت کی اچھی دوا کے
اوسی کل ہی ہی آج غفلت زیادہ

وہ تشریف لاتی ہی بولی کہ رخصت
نہین ہمکو ملنے کی فرصت زیادہ

الہی رہا میکو کیا ہو گیا ہے
محبت تو کم ہی عداوت زیادہ

عدم سی سب آتی ہین یان جاروبکو
نہین ہوتی منظور رخصت زیادہ

بنی حوض سے صحن میخانہ بہر کر
زیادہ برس ابر رحمت زیادہ

تم آئینہ دیکھو تو ہم بھی تو دیکھین
کہ ہی کونسا خوبصورت زیادہ

مری زندگی ہی مری جرم افزون
تری قہر ہے تیری رحمت زیادہ

کیا اوسکی آنکھون نے سیونکر ہے پیدا
کہ شوخی سی ہی ہی شرارت زیادہ

۲۴۹ بہکتے نہ تھے داغ یون گفتگو مین
۹ گڑبڑ گئے آج حضرت زیادہ

## ردیف یای تحتانی

مجکو جنت مین غم راحت ہوگی — گر یہی دل یہی قسمت ہوگی
اس بری حال پہ وہ کہتی ہین — رنج و غم کی یہی صورت ہوگی
جان دیدون تجھی پر ڈرتا ہون — کہ امانت مین خیانت ہوگی
تیری باتون مجھی ای رنج فزا — کبھی مرنیکی بھی فرصت ہوگی
یا مری داد ملے روز جزا — یا قیامت پہ قیامت ہوگی
کوچہ یار کوئی چھٹتا ہے — مین نہ نگار مری تربت ہوگی
جسکو کہتے ہین جہنم کی آگ — غیر کی گرمی صحبت ہوگی
اپنی مطلب کی تو سنلو مجھسے — یہ بجا نوکہ شکایت ہوگی

۲۵۰ ابکی میخانی سے اوشکرای داغ
کعبے جائینگے جو وحشت ہوگی

جب وہ بت ہمکلام ہوتا ہے — دل و دین کا پیام ہوتا ہی
دونسی ہوتا ہی سامنا جسدن — دور ہی سے سلام ہوتا ہی
دلکو روکو کہ چشم گریانکو — ایک ہی خوب کام ہوتا ہی
آپ ہین اور مجمع اغیار — روز دربار عام ہوتا ہی
رسیت سی تنگ ہین نہ پھیرو — دیکھیہ غصہ حرام ہوتا ہی

لیجیے موسی سی لن ترانی کی | ابتو کچھ منتی کلام ہوتا ہے

## ۲۵۱

داغ کا نام سنکے وہ بولے
آدمی کا یہ نام ہوتا ہے

اللہ اللہ ری پریشانی مری | زلف جانان بھی ہی دیوانی مری
کیا ٹھکانا مجھسے نازک طبع کا | ہو چکی جنت سے مہمانی مری
تیز ہے خنجر تو قاتل ناز نین | سخت دشواری ہی آسانی مری
روبرو اوس بدگمانی کی ذکر عشق | میرے آگے آئی نادانی مری
آجکل ہی اونکو تصویر و نسی شوق | کیا کبھی دیکھی ہی حیرانی مری
روسیاہی کام آئی روز حشر | شکل زاہد نے نہ پہچانی مری
بنگیا کعبہ وہی میرے لیئے | تک گئی جس در پہ پیشانی مری
ہای دل لیکر ترا ناز و غرور | وای دل دیکر پشیمانی مری
تر ہوا دامن مئی گلرنگ سے | رنگ لائی پاک دامانی مری
اس گرفتاری پر اپنی ہین نثار | لوہ کرتے ہین نگہبانی مری

## ۲۵۲

آگیا داغ اونکے دل مین یہ غرور
مشکل اسنے دنیا مین لاثانی مری

سنے لاکھ ہے تیغ جنگجو کی | رکھتے ہی نہین لگی محلو کی
جب ہاتون تھکے تو سب تبو نکے | جب دل نہ رہا تو آرزو کی
کہتے یہ تری چلی قیامت | تیغ سے کہ بھی ہی پیاس تو کی
جب ہاتھ ملے تو درد دل نے | اوٹھہ اوٹھکے اجل کی جستجو کی

مطلب کی کہی نہ ایک تم نے
چرچا بات ہی تیرے گفتگو کی

اونکے ہے عدو سے دوستانہ
بس بات کی ہمنے آرزو کی

پھر دشت دل ہے اور صحرا
لیں خار نے دھجیاں لہو کی

کچھ کم نہیں قدر نا امیدی
سنتے ہے یہ بھی مزا آرزو کی

ہم بادہ کشوں کی خاک سی بھی
آئیگی صدا سبو سبو کی

اللہ کو کیا جواب دونگا
عادت ہے بتوں سے گفتگو کی

کچھ ضبط ہماری خاطر اے چشم
کچھ شرم ہمارے آبرو کی

چھوڑا ستم فلک کے دل کا
اللہ رے تلاش کینہ جو کی

اس خانہ خراب دل میں اے داغ
مٹی ہے خراب آرزو کے

(۱۳)

تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی
بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی

دل لیکے وہ اب جان طلب کرتے ہیں ہمسے
یہ ایسی دھری ہے کہ اوٹھائی نہیں جاتی

مے پی تو سہی توبہ بھی ہو جائیگی زاہد
کمبخت قیامت ابھی آئی نہیں جاتی

آلودہ نہ پی جائینگے اے ناصح ناداں
ہیرے کی کنی جان کی کھائی نہیں جاتی

بسمل ہے یہاں تک تری رفتار کا ظالم
آندھی سی مری خاک اوڑائی نہیں جاتی

ہے سیر سراہو کہ تہ تیغ ستم کی
اک پھانس کی تکلیف اٹھائی نہیں جاتی

کرتی ہے نشیمن پہ مری کوند کی بجلی
صیاد کی گھر آگ لگائی نہیں جاتی

ہر چند ہے انشائی محبت میں خرابی
یاروں سے مگر آنکھ چرائی نہیں جاتی

کی بیکلی دیوانہ دلمیں ہے کہ اک تمنا
وہ تا بزبان خوف سی لائی نہیں جاتی

| | | |
|---|---|---|
| اللہ ری تنگیِ دہن نازکِ لب | وعدی | نہین جاتی |
| اللہ مری فوج پہ تکبیر تو پڑہلو | اتنی ہی | ہین جاتی |
| یارب کوئی آفت تہا محبت کا پتنگا | وہ آگ لگو | ن جاتی |

۲۵۴ ای داغ کہا حال دل اوس ستمگر
نادان تری دل کی صفائی نہین ج

| | |
|---|---|
| اشک خون رنگ لائی جاتا ہی | داغ اپنی جہ |
| کس صفائی سی تیری دل کا غبار | مٹتے مٹتے |
| کتنا باوضع ہے خیال اوسکا | بیکسی مین ہی |
| دیکہنا رشک اوسکی محفل مین | ایک کو ایک کہا |
| ناامیدی سنائے جاتی ہے | شوق نقشہ جہا |
| ہمت اسی خاک ہان مدد اسی ضعیف | کوئی دامن بچا |
| وہ جدہر کو گئے اوٹہا یہ شور | وہ قیامت اوٹہی |
| دل وہ نعمت ہی تجہسا شیرین لب | نظرون نظرون مین کہا |
| آتش شوق کیا بجہے ناصح | تو پتنگے لگانے |
| غم نے اوسکے گہلا دیا مجہکو | مجکو مہمان کہا |

۲۵۵ اوسکا آنا تو درکنار ای داغ | دل ہی قابو سی ہی جاتا ہی

| | |
|---|---|
| سرخجالت مین کافر کیا آن نکلتی ہی | جان آن نکلتی ہی یان جان |
| سوجہن ہوتی ہین سو ندر ہوتی ہین | ہی اصل علی تجہین کیا شان |
| قسمت بدلتی کیا مال کو میرے ہی | جو مل نکلتی ہی میران نکلتی |

وعدہ نہ وفا کرتے سہر و سپہ یہ تا کبدین
تا حشر ٹھہر جاؤ کیون جان نکلتی ہے

یہ خانۂ دل جیسا سنسان نظر آیا
بستی کوئی یکدم ایسی ویران نکلتی ہے

آبادی دل کا ہی اسد رجہ خیال اپنو
حسرت بہی نکلتی ہو تو جان نکلتی ہے

چتون کے مٹینگے بل ابرو کے کہلینگے خم
پر دلکی گرہ کوئی آسان نکلتی ہے

دلبرون ادائین بہی دلکش ہین جفائین بہی
اک آن ستمگرمین ہر آن نکلتی ہے

۲۵۶ — ۹

بیطرح کبہی جی مین ای داغ پلک اوسکی
یہ بہانس کوئی دلسے ناوان نکلتی ہے

داغ ہر چند جہان گرد ہی ہر جائی ہے
آپکے سر کی قسم آپکا شیدائی ہے

صورت وصل نہ تھی کوئی بجز بخش غیر
وہ جو بگڑے ہوئے آئے ہین تو بن آئی ہے

اور کیا خاک ملیگی دل بسمل کی مراد
جو تماشا ہی جہان کا وہ تماشائی ہے

شکوۂ ظلم پہ اول تو وہ خاموش ہوئے
پہر یہ جھنجلا کے کہا کیا مری رسوائی ہے

جب کبہی بیٹہے تنہائی خفقان آ چہلا ہے
ہمنے جا کر اوسی کوچے کی ہوا کہائی ہے

نہین معلوم کہ ہین کون بلا حضرت عشق
یون تو اپنی بہی زمانے سے شناسائی ہے

مژدہ اوسکو ہی جو ناکام ازل ہی تجھسے
حسرت اوسپر ہے جو کمبخت تمنائی ہے

نہ سنی ایک بہی ہمنے دم بوسہ انکی
یہ کہتی ہی رہے موت تری آئی ہے

۲۵۷ — ۹

داغ کو اب کسی سے ملاقات نہین
ہمنے برسون اسی کی ہوا کہائی ہے

ہائے قتل کی تدبیر سوز دان [illegible]
ہزار دان [illegible]

یہ زمین کی تو نہ ٹہری بلای جان ٹہری
یہ کسطرح سے زمین پہ آسمان ٹہری

ہماری خاک کی برباریان ذرا دیکھو
کہان کہان سی اوڑی اور کہان کہان ٹھہری

مری تڑپنی سی شبکا تمہین تو چین آیا
چلو تمہاری طبیعت تو مہربان ٹھہری

سر نیاز ہوا ٹھوکرون مین پامال
جبین عجز مری سنگ آستان ٹھہری

پڑہا دی جو اوسی چند حرف بیتابی
پیامبر کی دہن مین زبہر زبان ٹھہری

جب آیا چین ہمین آنی کر دیا بیچین
تری نگاہ ہماری مزاجدان ٹھہری

یہان یہ غم کہ چکا دل لگا سول اک بوسہ
وہان یہ فکر کہ قیمت بہت گران ٹھہری

۲۵۸
سبز رنگ دکھا بیگانہ داغ داغ جگر
مرزا بہار نہ ٹھہری کوئی خزان ٹھہری

۲۵۹
مجھسے دل خاک ملی دلسی ہی تو ملتا ہی
کوئی ملتی ہی سی ای عربدہ جو ملتا ہی

اسطرح دشمن جان سی نہین ملتا کوئی
کیا لپٹ کر تری خنجر سے گلو ملتا ہی

کیجیے اسی قسمت برگشتہ تلاش دشمن
دوست کو ڈہونڈہتی ہین ہم تو عدو ملتا ہی

لگیا دل ہی یکایک تری سو فار کا رنگ
ورنہ بیگانی سی برسون مین لہو ملتا ہی

پیغم کم ہا سہی کچہ ہمکو ملے یا نہ ملے
یہ بڑی دولت دنیا ہی کہ تو ملتا ہی

دیکھہ چلکر مری ساقی کی سخاوت زاہد
ایک ساغر کوئی مانگی تو سبو ملتا ہی

گل کھلا ہی عجب رنگ کی یہ شاخ ثمرہ
اسکو پانی کی جگہہ روز لہو ملتا ہی

ارمغان دیتی ہین ہم پیر مغان کو جاکر
کوئی اچہا جو ہمین ظرف وضو ملتا ہی

۲۶۰
خاک مین داغ ملاتی ہین جو غیرت تیری
مرہی کمبخت کو اسیون ہی سی تو ملتا ہی

چہوٹی ہزار مرتبہ قاتل کے ہاتہ سے
نکلے نہ ایکبار ہی ہمدل کے ولولے

ای قیس گر جہانی اوڑایا تو لطف کیا
اوٹھانہ پردہ صاحب محمل کی ہاتہ سی

ای اضطراب شوق یہ کیسا اثر کیا
تلوار چہوٹی پڑتی ہی قاتل کی ہاتہ سی

ہی خط جادہ راہ محبت مین تیغ تیز
کٹتی ہین پاؤن دوری منزل کی ہاتہ سی

بدلی شراب کی ہی مجہی زہر ہی قبول
اوس انجمن مین ساقی محفل کی ہاتہ سی

ٹہہرو ذرا الگ ہی الگ وار کر چلے
دامن بچای جاتی ہو بسمل کی ہاتہ سی

کوئی سمجہہ کی بات کہی تو جواب دین
دم ناک مین ہی ناصح جاہل کی ہاتہ سی

پونہچی نہ اہل فیض ہی نوبت سوال کی
خود ہاتہ وہ ملاتی ہین سائل کی ہاتہ سی

ای داغ دستگیر ہی وہ پیر دستگیر
ہی جانی ہاتہ مرشد کامل کے ہاتہ سی

بیوجہ اجتناب نی رسوا کیا مجہے
ظالم تری حجاب نی رسوا کیا مجہے

سینے جو آہ کی تو کہا اوسنی غیر سے
اس خانمان خراب نی رسوا کیا مجہے

کہدی ہی اونسی نشی مین سب دلکی آرزو
اک ساغر شراب نے رسوا کیا مجہے

یارون پہ کہل گیا اثر الفت نہان
اوس بت کی اضطراب نی رسوا کیا مجہے

اوس بدگمان سی پوچہہ کی تعبیر ہون خجل
میری بیان خواب نی رسوا کیا مجہے

محشر مین حال دل دم پرسش کہی بنا
کیا کیا مری جواب نی رسوا کیا مجہے

کچہہ اونکی مہر و لطف نے مشہور کر دیا
کچہہ رنجش و عتاب نی رسوا کیا مجہے

اس زلف خم بخم نی کیا شہرہ آپکا
اس دلکی پیچ و تاب نی رسوا کیا مجہے

ای داغ سب یہ حضرت دل کی سلوک ہین
جو کچہہ کیا جناب نے رسوا کیا مجہے

اُسکو منہ پر برا اور بھلا کہتا ہے
سچ ہی ہے یہ صاف جو ہوتا ہی صفا کہتا ہے

ہم اعجاز مسیحا کو برا کہتا ہے
اب ترا خضر کہاں ہوش ربا کہتا ہے

میری غم سائے پردہ ہی کے خفا کہتا ہے
کوئی سنتا ہی نہیں اسکی کہ یہ کیا کہتا ہے

حق ہی ہر اہل ستم ناصح کا طرفدار ہو نہیں
دل کی کہتا ہی جو اس دل کو برا کہتا ہے

ہر دم اپنا دم آخر کی سناتا ہے خبر
ہر نفس ہر نفس احوال فنا کہتا ہے

چل چکی خوب ستمگر تری خنجر کی زبان
دہن زخم کی سنتو کہ یہ کیا کہتا ہے

غیر اچھے جو زمانے کے بنے کہلائیں
ہیں برا ہون کہ جہان مجکو بھلا کہتا ہے

زہر تری شربت دیدار کی تاثیر عجیب
زہر کہتا ہی کوئی کوئی دوا کہتا ہے

دیکھنا میری بت ہوش ربا کا جلوہ
دیکھکر شیخ جسے صل علیٰ کہتا ہے

شور محشر تری مستون پہ بہت چلایا
یہ بھی جانا نہ کسی نے کہ یہ کیا کہتا ہے

ہند سے تا بدکن وقائع ہی شہرت تیری
امتو کہاں رہا ترا بخت رسا کہتا ہے

۲۶۲ ۱۳

اس انجمن سے بہت بیوفا رہو کے چلے
سرور ہو کے ہم آئے خمار ہو کے چلے

بتونکے کوچے سے ہم دلفگار ہو کے چلے
شکار کرنیکو آئے شکار ہو کے چلے

کہان ہے تیری سر شک روانیں اے قاتل
کہ خوب تیغ تری آبدار ہو کے چلے

تری نگاہ بت مست ہی سنبھل کے ذرا
سمند ناز وادا پر سوار ہو کے چلے

ٹھہر گئے وہ جہان سر و باغ تھی کیا
اگر چلے تو نسیم بہار ہو کے چلے

نہیں ہی باد کو صرصر تو اتنی بیباکی
نگاہ مست میں خوشکوار ہو کے چلے

الٰہی جائینگے کس گھر سے حشت ناک
بہشت سے بھی اگر بیقرار ہو کے چلے

پیامبر بھی تو انسان ہی فرشتہ نہین — الٰہی صبر دل بیقرار ہو کے چلے
وہ تفتہ دل ہون جو دریا مین ڈوبکے لوٹے — تو موج بحر یقین ہے غبار ہو کے چلے
کسیکی آنکھ مین وہ انتظار ہو کے رہے — کسیکے دلسے شکیب و قرار ہو کے چلے
خبر نہو جنہین وہ کشتۂ تغافل ہون — جو حشر بھی مرے سوی مزار ہو کے چلے
گلے لگا کے اونہین عذر پھر کیا مینے — مری گلی سے وہ جب شرمسار ہو کے چلے

۲۶۳ — ۱۵

نگاہ یار کی پھرتی ہی بزم سے ای داغ — رقیب بھی مرے یار ونکے یار ہو کے چلے

طبیعت کوئی دن مین بھر جائیگی — پڑھی ہی ہے یوندہی اور مر جائیگی
رہینگی دم مرگ تک خواہشین — یہ نیت کوئی آج بھر جائیگی
رہے پیروی ہجر ہو یا وصال — کہ اک بات آخر ٹھہر جائیگی
نہ تھی یہ خبر ہمکو پلٹی بہار — ادہر آئیگی اور ادہر جائیگی
محبت مین ای دل نہ دور سر پہ کھیل — وہ بازی نہین یہ کہ ہر جائیگی
کہون گو نہ مین حشر کو تیرے ظلم — یہ خلق خدا کیا مکر جائیگی
خدا کے لیے آج اقرار کر — کہ پھر بات کل حشر پہ جائیگی
نہ گذری شب ہجر سمجھے تھے ہم — تڑپتے پھڑکتے گذر جائیگی
مرا حال بہتر ہے اونسے کہو — ڈریئے جو سچی خبر جائیگی
نہ جانے کوئی میری میت کے ساتھ — مری بیکسی نوحہ گر جائیگی
رہیگا ترا جلوہ مد نظر — جہان تک ہماری نظر جائیگی
شب وعدہ آجاؤ ورنہ قضا — مرے سر پہ احسان دھر جائیگی

نہ چھوڑیگی دامن کبھی دشت خاک
صبا ہمسے اوڑکر کدہر جائیگی

صبا اوس گلی سی مری خاک کو
جب آئیگی برباد کر جائیگی

۲۶۴

دیا دل تو اے داغ اندیشہ کیا
گذرنی جو ہوگے گذر جائیگی

۱۳

دشمنو نسی دوستی غیرونسی یاری چاہیے
حاکم کل چاہے بنی تو ناکساری چاہیے

عشق مین کچہ پاس کچہ امیدواری چاہیے
کچہ دل چاہیے کچہ بیقراری چاہیے

جنکو عشق و سن کر دعوی ہین اونکی واسطے
دل ہمارا چاہیے صورت تمہاری چاہیے

وعدہ تو کر لو زبان سی پھر وفا کرنا نہ تم
نا امیدونکی لیی امیدواری چاہیے

اس تغافل اس دیا سی کب تلک پردہ رہے
اب نرالی کوئی طرز پردہ داری چاہیے

چار صرف آرزو ہی سن لیں ساری رات تم
اور قصہ کی لیی تو عمر ساری چاہیے

دیکھہ منہ پھیر کر نکہو اپنی وفا کا اعتبار
مرگ عاشق پر تمہاری اشکباری چاہیے

کھل گیا جب راز تو اخفا کیی ہی فائدہ
ہو گیا پردہ تو پھر کیا پردہ داری چاہیے

مست و بیخود ہے مجھے اپنی نہین تجکو خبر
او تغافل کیش کچہ تو ہوشیاری چاہیے

چارہ گر مشکل ہی میرے داغ سودا کا علاج
جائی پیدا ہن یاد بہاری چاہیے

ای فلک مشکل ہی کچہ رہجائین ہم انجام کار
اس مرقع مین کوئی صورت ہماری چاہیے

مل گیا ہمکو وفا و عشق و الفت کا صلہ
بندہ پرور آپکی بس یادگاری چاہیے

۲۶۵

دل پہ کچہ قابو نہین ہی داغ تو ہی جای شکر
عاشقونکی واسطے بی اختیاری چاہیے

حسرت ناکی اس بزم سی چلنی والی
ماتھہ ملتی ہی اوی عطر... نے والے

وہ کسی گور غریباں پہ تو آئی یہ صدا
تھم ذرا اور دش نازسی چلنی والے

دیکھیے کیا ہو الٰہی مری نامی کا جواب
پاس اونکی ہین بہت نامہ و پیغامی والے

ان جفاؤن پہ وفا کوئی نکرتا لیکن
دل بدلتا نہین او آنکہ بدلنی والے

شرم آلودہ نگاہین تو کرینگی بسمل
اب کوئی آن ہین یہ تیر ہین چلنی والے

دل فی حسرت سی کہا تیر جو اوسکا نکلا
دیکھہ اسطرح نکلتے ہین نکلنی والے

دل بیتاب وہ آتی ہین خبر آئی ہے
صبر کر صبر ذرا میرے مچلنی والے

امتحان تیغ جفا کا جو اونہین منظور
بچ بچا کر ابھی ٹلجاتی ہین ٹلنی والے

(۶۶) گر مے صحبت اغیار کی شکوی پہ کہا
آپ ای داغ ہمیشہ کی ہین جلنی والے (۹)

جفا کرتا ہے تو بدلے وفا کے
خدا کو مان ای بندے خدا کے

کسیکے عشق نی کی دلمین گرمی
کہلے رہتے ہین بندا اونکی قبا کے

پریشان کر دیا دل نے اوجھکر
کہلے جاتے ہین بل زلف دوتا کے

ہوا ہون کشتۂ یاے نگارین
مرا خون سر ہوا رنگ حنا کے

نہ خوش ہوای تو ہمکو سنا کر
ڈرو سو کارخانے ہین خدا کے

ہوئی جاتی ہین کیون نیچی نگاہین
کہو تو کیا ہے قربان اس ادا کے

وہ روئی دیکھکر میت کو میرے
پونچھے آنسو ذرا اس غمزا کے

او لجہنا زلف سی لڑنا نگہ سے
نئے ہین حضرت دل ہی بلا کے

(۶۷) مری مشکل ہوئی ای داغ آسان
تصدق اپنے ہین مشکل کشا کے (۱۰)

جنون مین تن پہ لباس غبار باقی ہے
کسی طرح پس کفن کو بھی تار باقی ہے

ابھی نزاکت رفتار یار باقی ہے
ابھی زمانہ ناپائدار باقی ہے

خزان ہی دیکھ کے دشت ہی چھائی ہے
ابھی نظارہ فصل بہار باقی ہے

نہ دیکھی عیش گذشتہ کی پھر کبھی صورت
غلط کہ گردش لیل و نہار باقی ہے

وہ چشمہ زار کا سلتے ہی ماجرا کہدے
ابھی تو شرح دل بیقرار باقی ہے

خرام ناز نے تھوڑی تباہی کی ہے مین
وہ دیکھیے تو کسیکا مزار باقی ہے

رہی نہ بہر عدو دلمین کینہ جو کے جگہ
جو ہم نہین تو ہمارا غبار باقی ہے

جو یہ نہین ہی تو کچھ بھی خلش نہین باقی
جو عشق ہے تو غم بیشمار باقی ہے

امید وصل چلی جائے بان ان دان
بہت ابھی تو شب انتظار باقی ہے

جنونکے ہاتھ سے تار نفس بچائے خدا
رہا سہا بھی لے دیکے تار باقی ہے

صبا اوڑا نہ سکی آسمان مثانہ سکا
کہ دلمین اونکے ہمارا غبار باقی ہے

کروڑ گانمین بہی ترا ایک ہی لہو پانی
جو دم ہین دم مری تیغ یار باقی ہے

صفائیون سے مجھے خاک مین ملاتے ہو
صفائیون پہ بھی اتنا بخار باقی ہے

بیان سوز جگر پر یہ آپ گھبرائے
نکالنا ابھی دل کا غبار باقی ہے

مریض عشق کی کیا پوچھتے ہو یہ پوچھو
کہ زندہ کوئی بھی بیمار دار باقی ہے

کہ دینگے عمر مہارش کو بیمین ای ظالم
اگر بقا ہے تو کل اختیار باقی ہے

پھرا کی لوٹ لے ظالم نگاہ ناز سے تو
کہ دلمین بایہ صبر و قرار باقی ہے

دم اخیر ہے ای داغ توبہ کر توبہ
کہ روسیاہ ابھی استغفار باقی ہے

کچھ بھی الفت نی تری دلمین نچھوڑا باقی
رگہی ایک تمنا ہی تمنا باقی

دم اولجھتا ہی جو سینے مین تو دلمین شاید
رہگیا اوسکی مژہ کا کوئی کانٹا باقی

گو وہ دل اونکا نہین کرتی ہین ظاہر لیکن
پر غلیمت ہی کہ اتنا ہی سہارا باقی

سنگ مین لعل بنا عشق کی نیرنگی سے
خون فرہاد کا تھا کوئی جو قطرا باقی

صبح اون مست نگاہونکا نپوچھو عالم
جن مین تہا رات کا کچھ نشہ صہبا باقی

دیکھکر تیرگی گور کو مین چونک پڑا
سمجھے جانا کہ انہی ہی شب یلدا باقی

بسملونکو جو تری للکی راہ ظلمات
ہیشۂ خضر مین پانی نہ رہیگا باقی

عاقبت کثرت عصیان نے مری گہبراکر
رہگیا کاتب اعمال کو لکھنا باقی

میری تحریر کی انداز تو دیکھو گویا
کوئی مطلب نرہا ہی نرہیگا باقی

(۲۶۹) جیتے جی عشق و محبت کو مٹا دیا ہی داغ (۹)
کیون رہی بعد فنا منت کا جھگڑا باقی

کبھی کچھ درد رہتا ہی کبھی کچھ سوز رہتا ہے
ہماری دل پہ صدمہ اک نہ اک ہر روز رہتا ہے

نگاہین اونکی جادو ہی قیامت ہوتی جاتی ہے
انکی کونسا فتنہ سبق آموز رہتا ہے

دل اپنا چین سے رہتا نہین اک آن بھر بھی مین
مگر دلمین تمہارا ناوک دلدوز رہتا ہے

جو مین ہون عشق مین مضطر وہ ہی میری دہی مضطر
زیادہ مجھسے آشفتہ مراد السوز رہتا ہے

خوشی ہی عید ہی اضیار ہین جلسے ہین بانو مین
وہان تو رات دن نوروز ہی نوروز رہتا ہے

مصاحب ہے یہی اک ہیچ مین سکو خدا کہی
مرا ہمدم مرا مونس غم جانسوز رہتا ہے

رقیب و سیہ بھی رات بہر پہرتا ہی سر گردان
خدا جانی کہان وہ شمع شب افروز رہتا ہے

کبھی کچھ غم اوٹھایا ہو تو جانین آپ کیا جانین
کہ کس کس غم مین آلودہ یہ غم اندوز رہتا ہے

۱۲

تصور میں کسیکی واسطے نیند آتی نہیں مجکو
عجب بیدار اپنا طالع خفتہ رہتا ہی

کیا صبا اب چہ دل آرامی تو آتی ہے
تجکو اپنی دل گمشتہ کی بو آتی ہی

صاف ہی سینہ ہمارا کہ دل پر بغض
کیا صفائی تجھی اے آئینہ رو آتی ہی

کیا تو نی کبھی غیر کا شکوہ ہمسے
بات کرنے ہی مین اے عربدہ جو آتی ہی

ہو رسا آہ تو کیا جانی کہانتک پہنچی
تا رسائی مین تو یہ عرش کو چھو آتی ہی

تیری تلوار نی ہی چال اوزائی تیری
کھنچکے آتی ہی یہ جب تا بہ گلو آتی ہی

دشمنی ختم ہوئی ایک وفا دشمن پر
دوستی تجکو تو اے میری عدو آتی ہی

تلخی موت کو فرہاد کی رہ کیا جانے
منہ سی شیرین کی اب دودہ کی بو آتی ہی

یاد آتی ہی وہ نین جبین دیکھکے موج
لہر سی دل مین ہماری لب جو آتی ہی

شجر خشک تو ہر سال ہری ہوتی ہین
جا کر اے عمر جوانی کہین تو آتی ہی

دل اگر صاف نہو پاک نہوگا انسان
یونتو ابلیس کو بھی شرم و حیا آتی ہی

جانتا ہون کہ یہی دشمن جان ہی میرا
اوسکی خنجر سی مجھی خون کی بو آتی ہی

۱۳

محفل یار مین اے واعظ سوا حسرت کے
کب ہمین کیفیت جام و سبو آتی ہے

۹

طلب ہی جا ہی و ما نوسی اشنا نو تی
بری بنی ہی خدا خیر کرے بیگانو تی

خدا کری ابھی اے باغبان نگہبانی
تری چمن کو لگی آگ آشیانون کی

ہر جا پہ تربت کی یہ کیفیت مصور کھینچکر
غرابیان ہین محبت مین نوجوانون کی

قدم قدم ہی تری چال کا نیا انداز
ہو کر نا ایک روش ہی سب آسمانون کی

او نہین تو کھیل تلون مزاجیان لیکن
یہان تو روز ہی شامت ہے آسمانون کی

کسی لحاظ سی نالہ نہین کیا ہمنے
وگرنہ کون سی بنیاد آسمانون کی

عجب نہین ہے کہ ہنگامۂ قیامت کو
ملی نہ قبر اگر ہمسی نے نشانون کی

سمجھ ہارتا نہین جنت کو کسلیے صیاد
کہ باغ خلد مین کثرت ہے آشیانون کی

۲۰۲
یہ زہد آپکا اے داغ سب ہے مکر و فریب
ہزار پیپے بھرے تھے لاکھ دانون کی

دل مرا لیلی مریجان وفا تمنی تو کی
انہی مجھی چشم وفا تمنی جفا تمنی تو کی

بیگنا ہونکو سزا دیتے ہو اللہ اللہ
بیخطا کہتی ہو ہان ہان کہ خطا تمنی کی

کوئی بیچارہ بلا سی ہو پریشان خاطر
رخ پر نور پہ وا زلف دوتا تمنی تو کی

ہمنی جو کی وہ بری کی یہ تو بیجا ہے لیکن
تمتو اچھی ہو چلو ہمسے وفا تمنی تو کی

غم دیا رنج دیا داغ دیا درد دیا
خوب بیمار محبت کی دوا تمنی تو کی

جانتی ہی نہین دشنام کا انجام ہے کیا
بات اک پہلی پہل نام خدا تمنی تو کی

ہمنی جانا تہا کہ وہ پھول چڑہانی آئے
قبر عاشق پہ قیامت ہی بپا تمنی تو کی

رشک دشمن نے اونہا ہمسی ہمین تم نادان
دوستی ورنہ حقیقت مین ادا تمنی تو کی

۲۰۳
چار دن بی نہین رام بنایا اے داغ
بیوفاؤن پہ یونہین جان فدا تمنی تو کی

جفا کی ان بتون نی یا وفا کی
نئی شوخی ہے چشم فتنہ زا کی

تغافل یون کیا گویا حیا کی
ہمارا دیکھنا جانے کس سے

ہیمقدر روح کھنچتے ہے دوا کی

شب اندوہ و غم کا پوچھنا کیا
بنا کی جو دے دم پر بنا کی

تم اتنے ہو کہ دو گے ہمکو تعذیر
نہین کی تو بھی ہان ہمنے خطا کی

منا وان داغ ہجران دل ہی کیونکر
وہ پوچھینگے نشانی میری لیا کی

جواب قتل کیا قاتل نے سوچا
کہ اوسکو عید ہے روز جزا کی

کہا! اونکی جفا کا کچھ نہ باعث
مگر اتنا کہنے سے کیون ونا کی

لگی ہے سینے سے دشمن کی تصویر
وہ کہولین کیا گرہ ہند قبا کی

لڑے ہین غیر سے غصہ ہی مجھپر
کوئی پوچھے تو نے کیا خطا کی

الٰہی وصل کی ہے رات دی ڈال
مجھے کوئی گھڑی روز جزا کی

رہی ہیان صلح پر ہی جنگ باہم
طبیعت اونسے مل مل کر لڑا کی

ابھی اقرار اسکا ہو چکا تھا
ادھر دیکھو تو پھر ہمسی جیا کی

۱۳ پھر اوس بت پر فدا ہین حضرت داغ
قسم کھائی متی کیجے مین خدا کی

منصفی دنیا سے ساری اوٹھگئی
ای ہتوا ایمانداری اوٹھگئی

دل سے وہ بے اختیاری اوٹھگئی
اب تمنا ہی تمہاری اوٹھگئی

وہ سوم مین میری کب آئی کسیکے
بیٹھکر مخلوق ساری اوٹھگئی

وای دشمن ہوگیا سارا جہان
ہائے رسم دوستداری اوٹھگئی

بی طرح پھیلا ہی اونکی زلفونکا جال
اب امید رستگاری اوٹھگئی

رہگئے اکہون کلیجا تھام کر
آنکہ جس جانب تمہاری اوٹھگئی

جب سے ہاتھ اوس بت کا ہاتھ
خود بخود گردن ہماری اوٹھگئی

آئی بن ٹھن کر مرے ماتم مین وہ جسکا رسم سوگواری اوٹھگئی
عشق نے بیباک آخر کردیا اب وہ شرم آہ وزاری اوٹھگئی
دور مین اوس چشم مست ناز کے لذت پرہیزگاری اوٹھگئی
ہی عجب اس نازکے پربار ناز تجھ سے یہ تلوار بھاری اوٹھگئی
ہم کھنچے ایسے کہ آخر اونکو بہے اب توقع ہی ہماری اوٹھگئی

۲۷۵ کس سے رکھیے داغ چشم دوستی
اوٹھگئی یارون سے یاری اوٹھگئی ۱۷

ای فلک دی ہمکو پورا غم تو کھانیکی لیی وہ بھی حصہ کردیا ساری زمانی کی لیی
باغ مین جاتی ہین وہ تو گل کھلانیکی لیی سیر ہیان سرو وصنوبر کی سنانی کی لیی
سرگذشت اپنی فسانہ ہی زمانیکی لیی گم ہوئی تھی ہم جہان سی یاد آنی کی لیی
ماجرا ہی دل ہی کیا یارب کہ جسکا ہی یہ شوق لب مری مشتاق ہین میری فسانیکی لیی
غنچۂ دلکی عوض تازہ ہوئی داغ جنون کیا بہار آئی تھی دیوانہ بنانیکی لیی
پاس اپنی دلکی رہی ہو یہی میرا بھی دل اک خوشی کو چاہیی اک غم اوٹھانیکی لیی
بس ہاہی جبمین تو وہ نازنین نازک مزاج اب کہانسی لائیی دل چوٹ کھانیکی لیی
بعد محشر کیا یہ بت بیکار ہی رہجائینگی اک نہ اک فتنہ ہی لازم ہر زبانیکی لیی
زاہد صد سالہ آیا میکدی مین بھول کر لا شراب کہنہ ساقی اس پرانیکی لیی
قتل دشمن کا نہین مشکل بہت آسان ہی چاہیی اک دوست مجھسا دوستانیکی لیی
چار حرف آرزوی دل ہین یونتو مختصر گر بڑہاؤ مین تو قصہ بھی بڑہانیکی لیی
تجھے بیجا اک وفا چھتے ہین اپنی آگئی تجھے خوبی کونسی چھوڑی زمانیکی لیی

آگیا کچھ یاد دل بھر آیا آنسو گر پڑے
ہم نہ روتی تھی تمہاری مسکراہٹ کی لیے

کثرت غم سے مری دل میں جگہ ملتی نہیں
عیش رستہ ڈھونڈتا پھرتا ہی آہٹ کی لیے

مر گئی تو مر گئی ہم عشق میں ناصح کو کیا
موت آہٹ کی لیے ہی جان جاہٹ کی لیے

اونکی چتون سی عیان ہی چاہتا ہی اونکا دل
رشک لیلی ہم نہیں مجنون بناہٹ کی لیے

۲۷ داغ جنت کو سدھارا آپ دوسری کو مبارک ہے
۹ دور رہا ہی یا نواہی کیسوں اٹکا نکی لیے

بیمثل کیا اوس بت کافر کو خدا نے
سمجھے کہ نہ سمجھے کوئی مانی کہ نہ مانی

مایوس ہوئی ہم تو ہوئی خیر یہی نا تمام
معمور کیا باب قبول اپنی دعا نی

اسی حشر کچھ انصاف ہی ہوگا کہ نہ ہوگا
بیفائدہ آیا ہی جو سوتون کو جگانی

اس باغمین ہی رنگ شہادت ہی کی رونق
جو گل نی کہا منہ پہ وہی دل مین جنانی

جب دل مین تمہاری ہی نہیں گھر تو ہمارا
کیا پوچھتی ہو خانہ خرابون کی ٹھکانی

انداز کہی دیتی ہین کشتی کی تمہارے
لوٹا ہی اسی نازنی مارا ہے ادا نی

مرتی ہین تری کو چی مین پامال محبت
گھر دیکھ لیا گلشن جنت مین قضا نی

اوڑتی تری تلوار سی مری دامن کیطرح
ای چرخ تجھی چھوڑ دیا دست دعا نی

۲۷ میخانہ ہی اور داغ ہی اور شیشہ می ہے
۱۱ سوتا ہی رکے خشت خم بادہ سرہانے

یہ بیٹھنا نہین وہ کہ جسمین خوشی ہو
فقط دلمین حسرت ہی حسرت بھری ہی

کہا تجھکو سودا نی زلف پری ہے
یہ اوٹتی نہین ایسی قسمت دھری ہی

اشاری دہن آنکھونکی جان بخشی ہی
غرا اعجاز ہی یا کہ افسون گری ہی

نہ آگے گئی اس سی وہ خشم خود بین
مگر آئنہ حد اسکندری ہی

اوسی دیکھکر دلمین قائل ہو ناصح
مگر بات کیا ہی سخن پروری ہی

ہوئی طور مبطور الفت مین دل کی
قضا اک نہ اک روز آگے دھری ہی

گوارا نہین دل کی شرکت بھی ہمکو
محبت مین یا نتک طبیعت بری ہی

کہان اسمین تیری سی محشر خرامی
لتاڑا ہوا تیر آلبک دری ہی

صبا بنکئی چور بادی چمن مین
کہ غنچے کی مٹھی جو زر سے بھری ہی

دلاسا بھی دیتی نہین عاشقونکو
یہ کیا دلدہی ہے یہ کیا دلبری ہی

۲۷۸

ملا داغ سے آج وہ ماہ پیکر
مبارک قران سعد و مشتری ہے

سرو وہ سر ہی کہ جو دلدار کی در تک پہنچے
دل وہ آئینہ ہی جو اوسکی نظر تک پہنچے

ناتوانی نی رکھا اونسی شب وعدہ جدا
ہم چلے شام سی رستہ تو سحر تک پہنچے

دلکو تھامون کہ تری بزم مین کنسو پوچھے
ہاتھ جب دلسی اوٹھی دیدۂ تر تک پہنچے

شعبدی چال نی تیری تری آنکھونکو سکھائے
فتنی رفتار سی اوٹھے اوٹھکی نظر تک پہنچے

دونون ہاتھونسی کیا دیج مجھی قاتل نے
جب بھی کہتا ہی دکھی دو دو پہر تک پہنچے

اوسکی ہمراہ گیا ہی دل پر پیچ و ملال
یا الٰہی وہ سلامت کمین گھر تک پہنچے

زلف آہستہ چھٹیگی مرا جی ڈرتا ہی
دیکھیے ہاتھ کا جھٹکا نہ کدھر تک پہنچے

پس دیوار چمن کہدی قفس ای صیاد
مین نہ پہونچون مرا نالہ گل تر تک پہنچے

کسطرح لیگا بلائین کوئی آسودہ حال
کچھ نہ پہونچی تری گیسو ہی کمر تک پہنچے

لپٹ جا مری چھاتی سی کہ ای بحر جمال
کبھی شاید کہ ہی تو عاشق کی بھر تک پہنچے

۲۰۹ شوق ہی داد خدا ذوق ہی امداد خدا
داغ کیونکر نہ شہ جن و بشر تک پہونچی ۱۸

جانا تہارا ہی موت ہی آرام جدائی — وان تیرکی کو رہیو فی شام جدائی
حسرت ہی کہ جو شخص پی وصل ہو مشتاق — دی نامہ بر آکر اسے پیغام جدائی
پاس اپنی تو سرمایہ الفت ہی تو یہ ہی — اک درہم داغ جگر انعام جدائی
ہی عالم دوری مین بڑا لطف تصور — اسواسطے ہون بندہ بیدام جدائی
ملجائی کوئی عاشق دیرینہ تو پوچہون — کس طرح بسر کرتی ہین ایام جدائی
معشوق تو کیا تجھسے حذر کرتی ہین عاشق — ای داغ ترا نام ہی پیغام جدائی

## قطعہ

کل داغ سی پوچہا یہ حسینی کہ بتا تو — کیا حال ہی ای سبل صمصام جدائی
سرشار ہی کیون بادہ اندوہ مین غافل — گردون نی پلایا تجھے کیا جام جدائی
آنکھون سی برستی ہین در اشک تمنا — سینہ ہی ترا مخزن آلام جدائی
کیون نی لیہ تہا ہاتھ ہی کیون چشم ہی پرنم — ہی تجھسے جدا کونسا آرام جدائی
آخر دہ دلی کو جدائے نہ سمجہ تو — ہونا ہی وصال یکدن ایام جدائی
ہان صبر ہی درکار کہ اوس عربدہ جو پر — حسرت نہ کہلی وصل کی ہنگام جدائی
یہ سنکے کہا ہاں نہ پوچہو یہ نہ پوچہو — کچہ اور کرو ذکر نہ لو نام جدائی
کیا صدر قلق کیا ہی کہا غم ہجران — ہی سبح کا مذکور نہ یان نام جدائی
ہیہات کہ ہی واقف اسرار محبت — جنجلائی کہا وصل و الزام جدائی
ہم پوچہنے حال خطا وار گئے تہے — گویا کر دیا ہمنے یہ پیغام جدائی

اک نالہ کیا مرغ گرفتار کی صورت
مطلع یہ پڑہا اوسنی تہ دام جدائی

(۲۸۰)
اللہ نہ دے گردش ایام جدائی
کم صبح قیامت سی نہین شام جدائی
(۹)

کٹتے یون خواہش دل تمام و بحر بڑہتی ہی
جسطرح ہو کی قلم شاخ شجر بڑہتی ہی

قطع امید سی امید مگر بڑہتی ہے
کہ او دہر گہٹتی ہی الفت تو ادہر بڑہتی ہی

تول میزان نظر مین نظر دشمن و دوست
کسطرف کم ہو تری چاہ کدہر بڑہتی ہی

جلوۂ تابش خورشید سی گہٹتی ہی نگاہ
اوس مہ حسن کی دیکہی ہی نظر بڑہتی ہی

دیکہیے خوب گہٹا کر جو شب ہجران کو
روز محشر سی یہ دو چار پہر بڑہتی ہی

چشم قاتل کو مگر سنگ فسان ہی سمجہا
اور بہی برش شمشیر نظر بڑہتی ہی

یہ نہو گا کہ تجہی اسکی عوض دون یہ بہی
دل فقط بوسی کی قیمت ہی جگر بڑہتی ہی

اسقدر بہی جو نہوتی تو نہوتی ثابت
زلف کی تار سی کچہ اونکی کمر بڑہتی ہی

(۲۸۱)
کوی سفاک مین بجوف چلا ہے دیکہو
کہہ سے یہ داغ بہی کمبخت مگر بڑہتی ہی
(۱۱)

صبر آنا تو محبت مین بہت مشکل ہے
موت بہی تو نہین اسکو یہ وہ کافر دل ہی

ہجر ہی آفت جان وصل بلائی دل ہی
آدمی کی لیی ہر طرح غرض مشکل ہی

شمع چپ آینہ حیران ہی عاشق ششدر
واہ کیا عالم تصویر تری محفل ہی

سہنی جو راز کہ خلوت مین کہا تہا اوس سے
آج افشا وہ رقیبون مین سر محفل ہی

تجکو ای قیس ہے کیون ناقہ و محمل کی تلاش
دل مین لیلی ہو تری خیمہ ل ہی ترا محمل ہی

حشر کی دن تو ملوگی یہ کیا ہے سوال
سو چکے دیر مین ظالم فی کہا مشکل ہی

جمع ہین کسقدر آشفتہ خدا خیر کرے
اوسکی ہر ہر شکن زلف مین اک کاکل ہی

وہ زمانہ ہی گیا آپ کی دیکھے کا
کہ تلاشین تہین زنہار نہین کہین ہی دل ہی

صفحۂ دہر پہ یہ ہستی موہوم مگر
حرف ہی تو ہی غلط نقش ہی تو باطل ہی

ای غم یار کوئی اپنا ٹھکانا کرلے
دل تو پر درد ہی تو درد کی کیون شامل ہی

۲۸۲
ہمکو قسمت نی دیا داغ تمنا ای دل
وہ ہی ملتا ہی جس انعام کی جو قابل ہی
۱۵

ہون تو دیوانہ مگر خالی نہین تدبیر سے
مینی باندہا ہی جنونکو حلقۂ زنجیر سے

مجرمانِ عشق کو کیا خوف ہی تعذیر سے
کٹ سکا کب رشتۂ الفت تہی شمشیر سے

بچکے کیون چلتا ہی خاک عاشق دلگیر سے
آدمی اکسیر کا بنتا ہی اس اکسیر سے

گر تری وحشت زدہ کچہ بہی بلا مین تا تہم
شور محشر چیخ اوٹہی نالۂ زنجیر سے

جب بہلا وان شست سے ناوک چلا سیدہا دل
یہ شکار اوڑکر لپٹ جاتا ہی نوک تیر سے

سورۂ یوسف سنون کیا کان ہر کو اعظو
کان اونہی بہر دہی ہین لذت تقریر سے

ہر خطا وار آپکی احسان کا مارا مر گیا
عفو کرنا جرم کا بڑہ کر ہوا تعذیر سے

علم ہی اللہ پہ باندی مقصود بہی
کتنا بچ بچکر گیا نالہ مرا تاثیر سے

سمجہے نامی کو مری کاتب وفرط قہر مین
کچہ عجب انداز کی تقریر تہی تحریر سے

پہنی صورت کی پہنائین جنون نی بیر بان
پڑ گئی تار گریبان یا تون مین زنجیر سے

کیا کرین کچہ بس نہین تیری جدائی مین ہمدم
عمر تہوڑی مانگ لیتی آسمان پیر سے

طبع نازک مین تلون اسقدر کاہیکو تہا
یہ اوڑا یا رنگ میری رنگ کی تغییر سے

دی کی بسمل اس تن بیجس کو جنبش ہو گئی
آگیا دم مجہ مین گویا بر بش شمشیر سے

شکر ہی ایدل کہ اونکو غصہ آکر رہگیا
آیا تہا موت نی پر بچگئی تقدیر سے

۲۰۳
کسقدر ہی داغ مہر و لطف کا دنیا مین کال
مرگئے عشاق تو اس قحط عالمگیر سے

چارہ گر ہم ہو تمہین ہینگے کیا تدبیر سے
عقل دیوانی نہین باندہین بہی زنجیر سے

بڑہگئی وحشت زیادہ چارہ و تدبیر سے
اور دو فی پانون اپنی کہل گئی زنجیر سے

جب لڑی ہین وہ نگاہین عاشق دلگیر سے
چبہگئی ہین برچہیان سی کہبگئی ہین تیر سے

فکر ہی لکہینگے کسیر نامۂ اعمال خلق
کونسا کاغذ بچا ہیان شوق کی تحریر سے

تو نی رکہا ہی کہا لکا ہمکو ایجوش جنون
جائینگے کس گہر نکلکر خانۂ زنجیر سے

کچہ توقع کچہ یقین کچہ یاس کچہ وہم و گمان
انتظار یار کی ہی کیفیت تاخیر سے

ہی کلام لطف مین بہی اکطرحکی نوک جہوک
میٹہی چہریان چلتی ہین شیرینی تقریر سے

بیقرار یکا برا ہو منفعل قاتل سی ہون
اک جگہہ ٹہہرا نہین بچ بچ گیا ہر تیر سے

پڑگئی کیونکر الٰہی دلمین اوس تیکی گرہ
بچ رہا تہا کونسا عقدہ مری تقدیر سے

ہی تم عیسی صدا قاتل کی مجکو وقت نبض
جان آجاتی ہی ہر دم نعرۂ تکبیر سے

ہر سخن مین گرچہ سو پہلو بچاتا ہون مگر
آرزو مین تیکی پڑتی ہین مری تقریر سے

کر رسائی چاہتی ہی اور تو اپنا عروج
ای دعا ملجا کسی اوجکی ہوئی تقدیر سے

۲۰۴
داغ جلنے کی بہی کافی ہی اوسکی بزم مین
کاٹ ڈالی کوئی پروانی کا سر گلگیر سے

چہوڑا ہی ساتہیون نے پس گام روان مجہی
لیجائی دیکہیی مری قسمت کہان مجہے

شب کو نہ آئی تم نہ دل بدگمان مجہی
وان لیگیا کہ موت ہی جانا کہان مجہے

چکر مین مثل سنگ فلاخن ہون ہی ابھی — پہینکے مری نصیب گردش کہان مجھی
کیا درد دل کہون کہ سراپا ہون درد مند — آتی نہین بات سوای فغان مجھی
پڑتی ہی اونکی آنکہ سر بزم جب کہین — جاتی ہین اک نگاہ پہ سو سو گمان مجھی
ہوتی نہ وہ گلی تو بہلتا نہ دل مرا — ملتا اگر زمین کے عوض آسمان مجھی
افسانہ کہکے اوسکو سلاؤن تمام رات — لوکر ہی رکہلے کاش ترا پاسبان مجھی
دل خط مین رکہدیا ہی تو کیا فائدہ ہوا — قاصد کا ہی سوال کہ دی تو زبان مجھی

۳۸۵
ای داغ اوسکی بانہ سی گر ہون شہید مین
وہ مہت بہی ہون زندگے جاودان مجھے

ہر اہری مجلو صنم غیر کی دیجاتی ہی — وصل مین اونکی نئی چیز چلی جاتی ہی
کبہی اقرار ہی تجکو کبہی انکار وصال — بات تیری نہ اوٹہائی نہ دہری جاتی ہی
اللہ اللہ ری گرانباری غم بعد فنا — کہ مری خاک سی آندی بہی دبی جاتی ہی
حشر تک شکوۂ اغیار رہیگا نا لم — آج کی آج کوئی یہ خطگی جاتی ہی
چارہ گر رکہنہ مری زخم جگر پر مرہم — کہ مری لذت ایذا طلبی جاتی ہی
رہی ہی بیکسی آپنیکا نہین اونکا مزاج — اب بہلا کوئی طبیعت کی کبی جاتی ہی
اک ترا نام کہ ہر دم ہی وظیفہ مجکو — اک مری بات کہ برسون مین بنی جاتی ہی
چہیڑ ناز لف پریشانکا بلا تہا ایدل — آئی شامت تری اب کوئی گہڑی جاتی ہی

۳۸۶
میرا جانا خدائی بہی چاہا ای داغ
غم تو ہوتا ہی مگر عمر کٹی جاتی ہی

باہیر مسالہ لگی ہی در پر لگی ہوئی — چہاسو سبیل ہی سر کوچہ لگی ہوئی

یہ کسکی لو ہی اسی دل مضطر لگی ہوئی
اک آگ سی ہی سینی کی اندر لگی ہوئی

دل کیا کہلی مرا کہ تری زلف کی طرح
مضبوط اک گرہ ہی گرہ پر لگی ہوئی

رکھی قدم سنبھل کے رہ عشق مین وہی
آگی ہی جسکو ہو کبھی ٹھوکر لگی ہوئی

یون کون جانی درد محبت کو بھلا
وہ جانی جسکی چوٹ ہو دل پر لگی ہوئی

یارب ہو دل کی خیر کہ بیڈھب کچھ آجکل
ہی گھات مین نگاہ ستمگر لگی ہوئی

میرا ہی سا ہو حال تمہارا ابھی ناصحو
چپٹیگ تمہین بھی عشق کی ہوگر لگی ہوئی

گر زندگی خضر و مسیحا ہوئی تو کیا
ہی موت سبکی ساتھ مقرر لگی ہوئی

کوی عدم سی آئی نہ اس قید خانہ مین
قید حیات ساتھ نہو گر لگی ہوئی

بیشک ہی کچھ لگاؤ جو کرتا ہی یہ گریز
زاہد سی دخت رز سے مقرر لگی ہوئی

ناقوس بتکدہ مین تو کبھی مین ہی اذان
ہی یاد میری دوست کی گھر گھر لگی ہوئی

وہان گالیون پہ منہ ہی ہمیشہ کھلا ہوا
یان مہر خامشی مری لب پر لگی ہوئی

جب مینی آہ کی ہی قیامت اٹھائی ہی
آواز پر ہی شورش محشر لگی ہوئی

کیا دل بیقراری بدلسی جو اک طرف
کروٹ مری رہی سر بستر لگی ہوئی

ٹھہری کبھی نہ اوس صف مژگان کی دبر
ہو سامنی اگر صف محشر لگی ہوئی

تھوڑی ہی نظر گذر کی ملی ہمکو ساقیا
ہی اپنی تاک جانب ساغر لگی ہوئی

۲۸۷
مین آشنا نہین بت نا آشنا سے داغ
تہمت یہ مفت کی ہی مری سر لگی ہوئی

۹

کہنے دیتی نہین کچھ منہ سی محبت تیری
لب پہ سر ہجانی ہی آئی شکایت تیری

اب ترا ہی دل بیتاب خدا حافظ ہی
کر چکی ہم تو محبت مین حفاظت تیری

دیکھیے کرتی ہی رسوای زمانہ کیا کیا
مجکو یہ چاہ مری تجکو یہ صورت تیری

پوچھتی ہین وہ مری بات تو یون پوچھتی ہیر
کہتی ہین کون ہی تو کیا ہی حقیقت تیری

یاد سب کچھ ہین مجھی ہجر کی صدمی ظالم
بھول جاتا ہون مگر یکبگی صورت تیری

عدم آباد کو جاتی ہین بشر خالی ہاتھ
مجکو ہی ناز کہ لیجاؤنگا حسرت تیری

یار غمخوار مری حال کو سب پوچھتی ہین
اور ہیر پوچھگی سب کہتی ہین منت تیری

ہی رقیبونکی زبان پر ہی ستم کا شکوہ
تو بھی مجبور ہی جاتی نہین عادت تیری

۲۸۸ کوچہ یار مین بھی ہی نہین لگتا اسی داغ
دیکھیے جائیگی کس روز یہ وحشت تیری ۹

وصل کی سب ہی وہی عادت پرہیز رہی
مہربانی ہی تمہاری ستم آمیز رہی

دام پھیلائی تری زلف دلاویز رہی
تیغ کھینچے ہوئی مجھپر نگہ تیز رہی

اک اشارہ مین یہ تا ملک عدم جا پہونچا
تو سن عمر کو کیا حاجت مہمیز رہی

وای بربادی قسمت کہ گلی مین تیرے
خاک ہو کر بھی رہی ہم تو ہوا نیز رہی

کون تھا گرم عنان آج کہ جو خاک مری
شوق پابوس مین گرد سم شبدیز رہی

کوئی دیوانہ رہا کوئی رہا سودائی
بو تری زلف کی کیا کیا نہ جنون خیز رہی

لعنت خلد کو بھی منہ نہ لگایا اونہی
تیری بیمار کو جو عادت پرہیز رہی

گالیان دیتی ہو پھر خود خطا کرتی ہو
اس پہ بھی تیز ہوئی اوس پہ بھی یہ تیز رہی

۲۸۹ تو کہ تیغ ہی بہ طبیعت مین تمہاری اے داغ
بات پر بات مری اونکی نہ کبھی تیز رہی ۱۵

تو نہ ہی دل ہی دل بیقرار رہے
مجکو بچا لیا مری پروردگار نے

پامال کر دیا فلک بدشعار نے
سیکھے تری چلن روش روزگار نے

ایسی مری لی مری پای فگار نے
گھر دلمین کر لیا خلش نوک خار نے

سنتے تھے ایک عمر میں طوفان نوح کو
ہمکو دکھا دیا مژۂ اشکبار نے

سو حسرتین ہلین ہین مری سماتہ خاکمین
مٹی بھی دی تو اونکو اسی خاکسار نے

مینے تو جان دی تھی بھلائی سی موت کے
